# ہوم 51

ا۔ سی ایس ڈی کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ آرمڈ فورسز اور مجاز اداروں کے افراد کو آسان شرائط پر بازار سے سستی اشیاء قسطوں پر مہیا کی جائیں۔ اِسی سلسلہ میں کسٹمرز کے گھروں کی تعمیرات، شادی بیاہ اور تزئین و آرائش کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے (Home 51 Pkg) شروع کیا گیا تھا اب اس پیکج کو اور بھی آسان اور کارآمد بنا دیا گیا ہے جس کی تفصیل نیچے دی گئی ہے۔

۲۔ اس پیکج کے تحت مندرجہ ذیل اشیاء ایک ہی وقت میں پیکج کے مطابق خرید کر گھریلو ضروریات پوری کی جاسکتی ہیں۔

a الیکٹرک اشیاء بشمول لیپ ٹاپ اور موبائل فونز

b جنریٹر / یو پی ایس

c کارپٹ / کشن / پردے وغیرہ

d فرنیچر

e زیورات

f کراکری

g کھانا پکانے کے برتن

h گیزرز / کوکنگ رینج وغیرہ

j تعمیراتی میٹریل، اینٹ، ریت، بجری، سیمنٹ اور سریا وغیرہ

k سی ایس ڈی کے کسٹمرز کسی بھی ماڈل کی استعمال شدہ گاڑی اپنے پیکج کے مطابق ڈیلر کے ذریعے خرید سکتے ہیں۔
چیک کار کے مالک کے نام ایشو کیا جائیگا۔

## ۳۔ کسٹمرز نیچے دیئے ہوئے پیکج کے مطابق اشیاء خریدنے کے مجاز ہونگے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | پیکج نمبر I - | لیفٹیننٹ کرنل اور اس کے اوپر اور مساوی رینک | - 30لاکھ تک |
| b | پیکج نمبر II- | سیکنڈ لیفٹیننٹ سے میجر رینک اور اس کے مساوی رینک | - 20لاکھ تک |
| c | پیکج نمبر III- | جے سی اوز، حوالدار اور اس کے مساوی رینک | - 10لاکھ تک |
| d | پیکج نمبر IV- | سپاہی، لانس نائیک، نائیک اور اسکے مساوی | - 3لاکھ تک |

۴۔ **پیکج کی سہولیات میں اضافہ:**

a. اب کسٹمر 100% خرایداری جہاں سے چاہے کرسکتا ہے۔

b. ہوم 51 کی درخواستیں اب تمام بزنس سینٹرز پر وصول کی جاتی ہیں۔اور آئیٹم بھی متعلقہ بزنس سنٹر سے ایشو کیے جاتے ہیں۔

c. سی ایس ڈی فائنانس ڈیپارٹمنٹ لوکل پرچیز کے آئیٹمز کا چیک جاری کرے گا جو کہ اُس فرم یا فرم کے مالک کے نام ہوگا جہاں سے کسٹمر کوٹیشن لیکر آئے گا۔

۵۔ **پیکج سے متعلق تمام معلومات OAS کے ذریعے بھی مہیا کردی گئی ہیں۔**